## کولٹن کے دفتر سے حاصل کریں رعایتی میٹرو کارڈ

میٹرو کارڈ موبائل سیلز سٹاف ہر ماہ اہل شہریوں کو رکن اسمبلی کولٹن کے دفتر کمیونٹی دفتر واقع ع155 کنگز ہائی وے (ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 سٹریٹ کے درمیان) پر یہ سہولت فراہم کرتے ہیں۔

### سینئر +65

65 برس سے زائد عمر کے شہری MTA کے رعایتی میٹرو کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور انہیں ایک عارضی کارڈ اُسی روز جاری کر دیا جائے گا۔ عمر کی تصدیق کے لیے میڈی کیئر (Medicare) کارڈ ہمراہ لائیں۔


### معذور معمر افراد

میڈی کیئر کارڈ اور درست فوٹو آئی ڈی جیسا کہ ڈرائیور لائسنس رکھنے والے ایسے افراد جن کی معذوری کو کور کیا جاتا ہے، بھی رعایتی میٹرو کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ انہیں ایک عارضی کارڈ اُسی روز جاری کر دیا جائے گا۔

| آئندہ کی تاریخیں | وقت |
|---|---|
| جمعہ، 28 ستمبر 2018 | صبح 10 سے دوپہر 12 |
| جمعہ 26 اکتوبر 2018 | صبح 10 سے دوپہر 12 |
| جمعہ 30 نومبر 2018 | صبح 10 سے دوپہر 12 |
| جمعہ 28 دسمبر 2018 | صبح 10 سے دوپہر 12 |

### معذور افراد کے لیے

میڈی کیئر کارڈ نہ رکھنے معذور افراد بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ انہیں عارضی کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا اور درخواست گزار کو تمام شرائط پر پورا اترنا ہو گا۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ کارڈ کی پراسیسنگ میں 8 ہفتوں تک کا وقت لگ سکتا ہے۔




رکن اسمبلی کولٹن اور ان کی کمیونٹی ریلیشنز ڈائریکٹر نینسی ٹونگ فیڈریشن آف اٹالین امریکن آرگنائزیشنز آف بروکلین بورڈ کے ارکان جیک سپاٹولا اور کارلو سکیسورا کے ساتھ II سنٹرو کے افتتاح کے موقع پر۔ کولٹن طویل عرصے سے اس پراجیکٹ کے حامی ہیں اور پراجیکٹ کے لیے $600,000 سے زائد کی گرانٹ حاصل کر چکے ہیں۔

سنٹر کمیونٹی میں شامل تمام افراد کے لیے ہو گا اور علاقے میں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے کوشش کرے گا۔

---

Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223



رکن اسمبلی

# ولیم کولٹن

## ہماری کمیونٹی کے لیے جدوجہد

خزاں 2018

## کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کی خدمت کے لیے

**155 کنگز ہائی وے (ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 سٹریٹ کے درمیان)**

**ٹیلی فون: 718-236-1598 • ای میل: coltonw@nyassembly.gov**

**پیر تا بدھ .............................. صبح 10 سے سہ پہر 4**

**جمعرات ................................ دوپہر 12 سے رات 8**

**جمعہ .................................. صبح 10 سے دوپہر**

ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں: سمال بزنس کنسرن - کالج ایڈ انفو - ویٹرنز بینیفٹ - STAR - EPIC ریبیٹ - سینئر ہوم اونر ٹیکس ایبٹمنٹ - SCRIE - DRIE - ہارٹ شیئر - ہاؤسنگ ایشوز - ہیلتھ انشورنس کنسرنز - سٹیٹ/سٹی ایجنسیوں کے مسائل - معیار زندگی کے متعلق مسائل اور بہت کچھ

## کولٹن نے MTA کو B82 پر SBS سروس پلان پر نظرثانی کے لیے قائل کر لیا



### کولٹن کی پٹیشن، خطوط اور شکایات موثر ثابت ہوئیں

رکن اسمبلی کولٹن نے رائے عامہ کے ذریعے دباؤ ڈال کر MTA کو مجبور کر دیا کہ وہ بے پارک وے اور اوشین ایونیو کے درمیان کنگز ہائی وے پر بس-اونلی لین متعارف کرائے اور وہاں B82 روٹ کے لیے سلیکٹ بس سروس (SBS) شروع کرے۔ انہوں نے انتظامیہ کو خطوط بھیجے جن میں کہا گیا کہ نہ صرف کمیونٹی منصوبے کی مخالفت کر رہی ہے بلکہ پورے ڈسٹرکٹ میں اس کے تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔

### اہم تبدیلیوں کے ساتھ MTA کی واپسی

MTA نے عوامی دباؤ کے نتیجے میں اپنے منصوبے میں خاطر خواہ تبدیلیاں کرتے ہوئے بس-اونلی لینز 28 سے کم کر کے 9 کر دی ہیں۔ اس تبدیلی سے جن 169 پارکنگز کو ختم ہونے کا خطرہ تھا اب منصوبے کی زد میں صرف 100 پارکنگ سپیسز آئیں گی۔ ٹرانزٹ حب (سب وے لائنز پر جانے والے مقامات) کے ساتھ بس-اونلی لینز صبح 7 سے شام 7 بجے تک ہفتے کے ساتوں دن چالو رہیں گی۔ کنگز ہائی وے، جہاں کوئنٹن روڈ مشرق کی طرف ویسٹ 11 سٹریٹ اور مغرب کی جانب ویسٹ 10 سٹریٹ سے ملتی ہے، پر پیدل چلنے والے افراد کے لیے پلازہ اور اضافی پارکنگ سپیسز بھی تعمیر کی جائیں گی۔

### کولٹن MTA کی جانب سے کمیونٹی کے کاموں میں شرکت کے خواہشمند

MTA کو مخاطب کرتے ہوئے کہ وہ مزید رائے کے لیے کمیونٹی سے رابطے میں رہے، رکن اسمبلی کولٹن نے مطالبہ کیا کہ منصوبے پر عمل درآمد اس وقت تک روک دیا جائے جب تک کمیونٹی بورڈ گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد اپنا کام دوبارہ شروع نہیں کر دیتے اور تبدیلیوں پر اپنی رائے کا اظہار نہیں کر دیتے۔

## کولٹن کی جانب سے صفائی مہم جاری ہے




رکن اسمبلی کولٹن (درمیان میں) کمرشل سٹریٹ، جیسا کہ کنگز ہائی وے اور بے پارک وے میں صفائی مہم کے آغاز پر رضاکاروں کے ساتھ گزشتہ برسوں کے دوران کولٹن نے صفائی کی متعدد مہمات شروع کی ہیں اور لوگوں پر زور دیا ہے کہ گلیوں کی صفائی بہتر معیار زندگی کے لیے ضروری ہے۔

## کولٹن: پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کے حامی

رکن اسمبلی کولٹن سمجھتے ہیں کہ اپنی گلیاں اور بازار محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کریں۔ کولٹن ہمیشہ سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ناقدین پر تنقید کرتے آئے ہیں۔ بہت برس پہلے انہوں نے پولیس افسران کی حمایت میں بلیو ربن کمپین شروع کی تھی جس کے تحت ہزاروں کی تعداد میں نیلے ربن کمیونٹی میں تقسیم کیے گئے۔



# SHSAT کے خاتمے کے خلاف کولٹن
# کی طرف سے رائے عامہ کو ابھارنا




رکن اسمبلی کولٹن شہری انتظامیہ کے اس فیصلے کے خلاف تحریک چلا رہے ہیں جس کے تحت سپیشلائزڈ ہائی سکولوں میں داخلے کے لیے سپیشلائزڈ ہائی سکول ایڈمیشن ٹیسٹ (SHSAT) ختم کر دیا جائے گا۔

## SHSAT کئی دہائیوں سے مفید ثابت ہوا ہے

کئی دہائیوں سے SHSAT نے کامیابی کے ساتھ سپیشلائزڈ ہائی سکولوں کے لیے ہمارے طلبا کو منتخب کیا ہے اور انہیں اپنے اعلیٰ تعلیمی معیار کے طور پر ملک بھر میں اپنا نام بنانے کا موقع ملا ہے۔ ڈسٹرکٹ 20 اور 21 سے تعلق رکھنے والے بہت سے طلبا نے Stuyvesant، Brooklyn Tech، Staten Island Tech اور دیگر سپیشلائزڈ سکولں میں جگہ حاصل کی ہے۔ SHSAT کے خاتمے کی میئر صاحب کی تجویز سے کی منظوری کے بعد دیگر عوامل جیسا کہ مڈل سکول کی کلاس میں ٹاپ 7% طلبا میں شامل ہونا اور دیگر موضوعی معیارات پر فیصلہ کیا جائے گا۔

## SHSAT ختم کرنے سے اصل مسئلہ چھُپ جائے گا

نیویارک سٹی کے سکولوں میں تنوع کے فقدان کی اصل وجہ پسماندہ سکول ڈسٹرکٹس میں DOE کی جانب سے نچلے گریڈز اور مڈل سکولوں میں باصلاحیت کلاسز فراہم کرنے میں ناکامی ہے۔ ڈسٹرکٹ 20 اور 21 سے ہمارے بہت سے طلبا نے سپیشلائزڈ ہائی سکولوں میں داخلہ لیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ ان ڈسٹرکٹس میں باصلاحیت طلبا کے لیے بہت سے پروگرام ہیں جن میں انہیں اپنی صلاحیت نکھارنے کا موقعہ ملتا ہے۔ DOE پسماندہ ڈسٹرکٹس کے ذہین طلبا کی ایسے پروگرامز تک رسائی کم کرنے کا سبب بن رہی ہے۔ DOE اگر ایسے پروگرام دوسرے ڈسٹرکٹس تک پھیلانے میں ناکام ہے تو اس کی سزا باصلاحیت کو نہیں دی جانی چاہیے۔

## تمام سکول ڈسٹرکٹس کو باصلاحیت طلبا کے لیے پروگرام شروع کرنے کا پابند کیا جائے

تمام سکول ڈسٹرکٹس کو پابند کیا جائے کہ اپنے باصلاحیت اور ذہین طلبا کےلیے پروگرام شروع کریں اور SHSAT میں اچھے سکور حاصل کرنے کی بنیاد پر سکولوں میں داخلہ لے سکیں۔ SHSAT، جو کہ انتخاب کا غیر جانبدار طریقہ ہے، کو ختم کرنے کی بجائے کولٹن کی تجویز ہے کہ تمام نواحی علاقوں کو زیادہ فنڈز جاری کیے جائیں تاکہ وہ ابتدائی گریڈز اور مڈل سکولوں میں باصلاحیت طلبا کے لیے خصوصی پروگرام شروع کر سکیں۔ سپیشلائزڈ سکولوں میں اپنی جگہ بنانے والے باصلاحیت طلبا کا راستہ روکنے کی بجائے ہمیں چاہیے کہ ہم زیادہ سے زیادہ طلبا کو عمدہ کارکردگی دکھانے پر ابھاریں اور سپیشلائزڈ ہائی سکولوں میں نشستوں میں اضافہ کریں۔

## سپیشلائزڈ ہائی سکولوں کی مدد کے لیے کولٹن کی جانب سے علاقائی گروپوں کی تشکیل

کولٹن نے ساؤتھ بروکلین کولیشن فار کوالٹی ایجوکیشن (SBCQE) کے نام سے علاقے میں ایک گروپ قائم کیا ہے تاکہ دوسرے گروپوں کے ساتھ مل کر سپیشلائزڈ سکولوں کی معاونت کی جائے کہ وہ باصلاحیت طلبا کے لیے اپنے پروگرام پسماندہ علاقوں سمیت دیگر علاقوں تک پھیلائیں۔ 8 اگست کو اپنے پہلے اجلاس میں گروپ نے 9 ستمبر کو فولی سکوائر، لوئر مین ہیٹن میں دوپہر 1 بجے ہونے والی ریلی میں شرکت کرنے پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران کولٹن نے اس بل کا مسودہ بھی پیش کیا جو وہ اسمبلی میں پیش کرنے جا رہے ہیں جس کے تحت تمام سکول ڈسٹرکٹس کو باصلاحیت طلبا کےلیے خصوصی پروگرام شروع کرنے کا پابند کیا جائے گا۔

آپ میں جو کوئی بھی اس مشن میں ہمارا ساتھ دینا چاہتا ہے یا اس بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کا خواہشمند ہے 718-236-1598 پر رکن اسمبلی کے کمیونٹی دفتر سے رجوع کر سکتا ہے۔

خزاں 2018

# رکن اسمبلی
# ولیم کولٹن

## ہمارے اور ہماری کمیونٹی کے لیے جدوجہد



## رکن اسمبلی کولٹن کا پارکنگ مسائل کے حل کا مطالبہ

### پارکنگ کے مسائل کے خلاف کولٹن کی طرف سے شہریوں کے گروپ منظم کرنے کی کوشش

گزشتہ چند برسوں کے دوران رہائشیوں کے لیے گلی میں پارکنگ کی جگہ میں کمی کا مسئلہ سامنے آیا ہے۔ اس کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں جیسا کہ پارکنگ پر پابندی، تین یا زائد فیملیوں کے لیے گھروں کی تعمیر اور زیادہ افراد کے گھرانوں کے پاس ایک سے زائد گاڑیوں کا ہونا. بہت سے شہریوں کی شکایت ہے کہ انہیں پارکنگ تلاش میں بہت زیادہ وقت لگتا ہے یا لوگ گاڑیاں اس طرح پارک کرتے ہیں کہ ایک کی جگہ پر دو گاڑیاں کھڑی کی جا سکتی ہیں۔ بعض شہریوں نے یہ شکایت بھی کی ہے کہ کمرشل گاڑیاں غیر قانونی طور پر رہائشی علاقوں کی گلیوں میں پارک کر دی جاتی ہیں۔

### پارکنگ کے ممکنہ حل

اس حوالے سے ملک بھر میں بہت سے حل تجویز کیے گئے ہیں جیسا کہ مقامی شہریوں کو پرمٹ جاری کرنا تاکہ صرف وہی لوگ گلیوں میں پارکنگ کر سکیں، صرف مخصوص علاقوں میں پارکنگ کی اجازت دینا یا فٹ پاتھ کے آس پاس پارکنگ کی جگہ کی نشاندہی کرنا.

اس کے باوجود ہماری کمیونٹی کو پارکنگ کے مسائل سے نپٹنے کے لیے ایک حکمت عملی بنا کر اس پر عمل درآمد کی کوشش کرنا ہو گی۔ لہٰذا، میں آپ سے رابطہ کر رہا ہے تاکہ میرے حلقے کے ہر بلاک سے شہری اپنی رائے کا اظہار کریں۔

براہ مہربانی اپنے قیمتی وقت میں سے چند لمحات نکال کر نیچے دی گئی جگہ پر اپنے تحفظات و تاثرات کا اظہار کریں اور اس مسئلے کا کوئی حل پیش کریں۔

- - - - - - - - - - - - علیحدہ کرنے کی جگہ - - - - - - - - - - - -

**براہ مہربانی کسی ایک پر نشان لگائیں:**

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ہمارے علاقے میں پارکنگ کا کوئی مسئلہ ہے؟ ........................................................ ❑ **جی ہاں یا** ❑ **جی نہیں**

آپ کے خیال میں رہائشی پارکنگ پرمٹ اس مسئلے کا حل ہیں؟ ........................................................ ❑ **جی ہاں یا** ❑ **جی نہیں**

آپ کے خیال میں فٹ پاتھ پر پارکنگ کی نشاندہی یہ مسئلہ حل کرنے میں مددگار ہو گی؟ ........................................ ❑ **جی ہاں یا** ❑ **جی نہیں**

آپ کے خیال میں نئی عمارتوں میں زیادہ جگہ چھوڑنے سے یہ مسئلہ حل کرنے میں مددگار ہو گی؟ ........................ ❑ **جی ہاں یا** ❑ **جی نہیں**

آپ کے خیال میں سائیڈ پارکنگ کے اوقات میں کمی یہ مسئلہ حل کرنے میں مددگار ہو گی؟ ................................ ❑ **جی ہاں یا** ❑ **جی نہیں**

کیا پارکنگ کا مسئلہ حل کرنے کے لیے آپ کے پاس کوئی دوسری تجویز ہے؟ ................................................ ❑ **جی ہاں یا** ❑ **جی نہیں**

**براہ مہربانی اپنی تجویز یہاں درج کریں:**

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

**نام کا پہلا حصہ:** ____________________ **نام کا دوسرا حصہ:** ____________________

**پتہ:** ______________________________ **اپارٹمنٹ نمبر:** ________ **زپ کوڈ:** ________

**فون نمبر:** ________________________ **ای میل:** ________________________

واپسی کا پتہ: **Assemblyman Colton's District Office – 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223**